🌴🌴🌴🌾🌾🌾🌴🌴🌴

سورة الكوثر

🌴🌴🌴🌾🌾🌾🌴🌴🌴

AYAH 2

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ

🌾🌾🌾🌾🌾🌾🌾🌾

📗📗 فَصَلِّ میں

🔰 حرف ف ادا کرنے کےلیے اوپر کے سامنے والے دانتوں کو نیچے کے ہونٹ کے ساتھ ملائیں اور همس کے ساتھ ادا کیجیے

(لفظ کی ادائیگی میں منہ سے ہوا کا خارج ہونا همس کہلاتا ہے)

🔰 حرف ص کوموٹا/ پُر اور سیٹی کے ساتھ ادا کریں

🔰 (لَّ کو شدت سے ادا کریں (اس پر تشدید ہے

📗📗 لِرَبِّكَ میں

🔰 (حرف * ر * کو * موٹا/پُر * پڑھیں (اس پر زبر/ فتحہ ہے

🔰 (بِّ کو شدت سے ادا کریں (اس پر تشدید ہے

🔰 حرف ك کو باریک ادا کیجئے

📗📗 وَانْحَرْ میں

🔰 نون ساکنہ پر اظہار(نون کی آواز واضح کرنا) کیجئے کیونکہ اس کے بعد ح ہے

🔰 حرف ح کو حلق کے درمیانی حصے سے ادا کریں

🔰 حرف * ر * کو * موٹا/پُر * پڑھیں (ر ساکنہ سے پہلے زبر/ فتحہ ہے) نیز حرف ر ساکنہ(رْ) کو جھٹکے کے بغیر ادا کریں

🌾🌾🌾🌾🌾🌾🌾🌾

🌴🌴🌴🌴🌴🌴🌴🌴

ربِّ يسِّر و لا تُعَسِّر و تمم بالخير